## دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

### جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ اسکولوں کی دسویں جماعت کے نتائج کا اعلان کیا۔لڑکیوں نے بازی ماری، نتائج آن لائن امتحان پورٹل بھی دستیاب ہیں

New Delhi, May 15, 2025

دفتر، کنٹرولر امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج جامعہ کے اسکولوں کی دسویں جماعت کے نتائج کا اعلان کر دیا۔نتائج کا اعلان پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ کیا۔اٹھانویں اعشاریہ تین فی صدلڑکیاں کامیاب ہوئیں اوران کے مقابلے میں چورانوے اعشاریہ ایک فی صدلڑکے کامیاب ہوئے،لڑکیوں نے اس سال دسویں کے امتحان میں لڑکوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔اس سال دسویں جماعت کے امتحان میں کل چھ سو سینتالیس بچے شامل ہوئے تھے جن میں تین سوتین لڑکے اور تین سو چوالیس لڑکیاں تھیں اور کامیابی کا فی صد چھیانویں اعشاریہ دونو رہا۔

پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر رضوی نے دسویں کے امتحان میں کامیاب طلبہ کواس اہم کامیابی پر مبارک باددی اور خاص طور سے انھوں نے لڑکیوں کے مظاہرے کی ستائش کی جنھوں نے اٹھانویں اعشاریہ تین فی صد کا اعلی پاسنگ پرسینٹیج حاصل کیا۔ چھیانویں اعشاریہ دوفی صد کے مجموعی پاسنگ فی صد کے لیےانھوں نے اساتذہ اور جامعہ اسکول کے اسٹاف کی کوششوں کی تعریف کی اور کہا کہ اس سے طلبہ کے تئیں ان کے عہد، کوشش اور وقف ہونے کا اندازہ ہوتا ہے۔

پروفیسر پون کمار شرما، کنٹرولر امتحانات نے پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی کی رہنمائی اور لگاتار مدداو اورتعاون کی فراہمی کے لیے پرخلوص ستائش کی جس سے نتائج کے بروقت اعلان اورامتحان کوخوش اسلوبی سے منعقد کرانے میں کافی مدد ملی۔ انھوں نے ڈاکٹر احتشام الحق، ڈپٹی، کنٹرولر امتحانات، ڈاکٹر سنیل، اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات، ڈاکٹر خالد رضا، اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات، ڈاکٹر محمد وجاہت، اسسٹنٹ رجسٹرار (امتحانات) اور دفتر کنٹرولر امتحانات کی سخت کاوشوں اور امتحان کے نتائج کے سلسلے میں ان کے وقف ہونے نے نتائج کے بروقت اعلان کو آسان اور سہل بنایا۔

پروفیسر شرما نے کہا کہ ’’امتحان کے نتائج کا بروقت اعلان ہماری امتحان ٹیم کی سخت کاوشوں، خوش اسلوبی سے کام کرنے کی مہارت اوراپنے فرائض کے تئیں وقف ہونے کا ثبوت ہے۔ہم امتحانات کی تمام کاروائیوں میں شفافیت اور اعلی معیار کو برقرار

رکھنے کے لیے پابند عہد ہیں۔

ذیل میں دسویں جماعت کے ٹاپرز کی فہرست ہے: اٹھانویں اعشاریہ اکہتر فیصد کے ساتھ پہلی پوزیشن بشری گوہر اور توصیف عالم کے درمیان ٹائی رہی۔علیشہ عمران نے اٹھانویں اعشاریہ پانچ سات نمبرات کے ساتھ دوسرا مقام حاصل کیا جب کہ اٹھانویں اعشاریہ دونو فیصد کے ساتھ تین طلبہ تسمیہ افروز،صادق انبساط اور سعدیہ بانو تیسری پوزیشن پر رہے۔

جامعہ میں پہلی مرتبہ ہورہا ہے کہ دسویں جماعت کے نتائج کو طلبہ جامعہ کی امتحان سے متعلق آفیشیل ویب سائٹ دیکھ سکتے ہیں۔

http://jmiregular.ucanapply.com/examinationsystemjmi/schoolresult.php

پروفیسر صائمہ سعید

افسراعلی،تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ